شذراتِ علمیہ

ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری

تہذیب و تاریخ

'تہذیب و تاریخ' ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی کے مقالات کا مجموعہ ہے۔ ڈاکٹر ابو اللیث نامور محقق، ماہر لسانیات اور کراچی یونیورسٹی میں پروفیسر ایمریطس ہیں متعدد علمی و ادبی، تحقیقی تنقیدی، لسانی کتابوں کے مصنف و مؤلف، استاذ الاساتذہ کے منصب پر فائز شخصیت کے مالک اور ایک تہذیبی شخصیت ہیں۔ انھوں نے پچاسوں مقالات بلند پایہ لکھے تھے۔ جو علمی مجلات اور رسائل اور اخبارات میں بکھرے ہوئے ہیں۔ ثاقب علی خاں کو خدا جزائے خیر دے۔ انھوں نے حضرت ڈاکٹر صاحب سے مقالات علمیہ کا ایک مجموعہ مرتب کروا کے چھاپ دیا ہے اس مجموعے میں شامل مقالات، تاریخ، تہذیب، تعلیم، مذہب و اصلاح، تصوف اور متعدد علمی، تاریخی، سیاسی شخصیات کا احاطہ کرتے ہیں۔

نقوشِ میوات

نقوش میوات کے نام سے ایک علمی تاریخی جریدہ گزشتہ سال سے نکلنا شروع ہوا ہے اس کے مدیر ایک نوجوان ادیب اور صاحبِ ذوق شبیر احمد خان میواتی ہیں۔ یہ رسالہ میو فاؤنڈیشن۔ لاہور کا تاریخی و تہذیبی ترجمان ہے۔ مشرقی پنجاب میں میوات کا علاقہ اور اس کے باشندے اپنی گوناگوں تاریخی و تہذیبی اور مذہبی خصوصیات کی بناء پر اہل علم اور اصحاب تاریخ اور اہل نظر کا ہمیشہ مرکز توجہ رہا ہے۔ قیام پاکستان کے وقت اس کی اجتماعی، تہذیبی اور تاریخی زندگی اور اس کے خصائص کو سخت دھچکا لگا تھا۔ قریب تھا کہ ان کی تاریخی تہذیبی اور دینی خصائص انتشار کی نذر ہو کر ہمیشہ کے لیے فنا ہو جائیں کہ اس قوم کو اہل علم، اہل نظر اور دردمندوں نے